**Pakistan School, Kingdom of Bahrain**

**E- Support and Learning Material / Session 2020 - 2021**

**Subject: Islamiat** **Grade 10th**

**Unit# 1: Lesson 1** **First Term**

# سورۃ احزاب (آیات 1 تا 8)

## التمارین

**سوال نمبر 1۔ سبق کی ابتدا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن باتوں کی تلقین کی گئی ہے؟**

**جواب۔** سبق کی ابتدا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مندرجہ ذیل باتوں کی تلقین کی گئی ہے۔

اے پیغمبر خدا سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننا بے شک خدا جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

اور جو کتاب تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے اسی کی پیروی کیے جانا۔

خدا پر بھروسہ رکھنا بے شک خدا ہی کارساز کافی ہے۔

**سوال نمبر 2۔ سورۃ احزاب کی آیات میں منہ بولے بیٹوں کے بارے میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟**

**جواب۔** اللہ تعالی نے منہ بولے بیٹوں کو حقیقی بیٹے نہیں بنایا ہے۔

اللہ تعالی نے فرمایا ہے۔ مومنوں لے پالکوں کو ان کے اصل باپ کے نام سے پکارا کرو اگر تم کو ان کے باپ کا نام معلوم نہ ہو تو ان کو اپنا دینی بھائی اور دوست سمجھو خدا کے نزدیک یہی درست بات ہے۔

**سوال نمبر 3 مندرجہ ذیل آیات کا ترجمہ لکھیں۔**

ٱلنَّبِيُّ أَوۡلَىٰ بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ مِنۡ أَنفُسِهِمۡۖ وَأَزۡوَٰجُهُۥٓ أُمَّهَٰتُهُمۡۗ

**ترجمہ۔** پیغمبر مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں اور پیغمبر کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔

مَّا جَعَلَ ٱللَّهُ لِرَجُلٍ مِّن قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ

ترجمہ۔خدا نے کسی آدمی کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے۔

وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ ٱلَّٰٓـِٔي تُظَٰهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَٰتِكُمْ

ترجمہ۔اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم اپنی ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں بنایا۔

## الكليمات والتراكيب

| معانی | الفاظ |
|---|---|
| دھڑ / پہلو | جوف |
| منہ بولے بیٹے | ادعیاء |
| انھیں پکارو | ادعوهم |
| اس نے ارادا کیا | تعمد ت |
| رشتے دار | اولواالارحام |
| تم ظہار کرتے ہو | تظهرون |
| منہ کی باتیں | افواه |
| زیادہ منصفانہ بات | اقسط |
| مقدم / زیادہ حق رکھنے والا | اولى |
| لکھاہوا | مسطورا |

## Pakistan School, Kingdom of Bahrain

## E- Support and Learning Material / Session 2020 - 2021

**Subject: Islamiat** | **Grade 10th**

**Unit# 1 Chapter 1** | **First Term**

## سورۃ احزاب (آیات 1 تا 8)

**درجہ ذیل تین میں سے کوئی سے دو حصے حل کریں۔**

### حصہ اول

**درجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

1۔ سورۃ احزاب میں اللہ منہ بولے بیٹوں کے بارے میں کیا ہدایات دی ہیں؟

2۔ سورۃ احزاب کی آیات میں رسولؐ کو کن باتوں کی تلقین کی گئی ہے؟

3۔ غزوہ احزاب میں مسلمانوں نے اپنے آپ کو بچانے کے لئے خندق کس صحابی کے مشورے سے کھودی؟

### حصہ دوم

**درجہ ذیل آیات کا ترجمہ لکھیں۔**

وَٱتَّبِعۡ مَا يُوحَىٰٓ إِلَيۡكَ مِن رَّبِّكَۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرًا ۝

وَمَا جَعَلَ أَدۡعِيَآءَكُمۡ أَبۡنَآءَكُمۡۚ ذَٰلِكُمۡ قَوۡلُكُم بِأَفۡوَٰهِكُمۡۖ وَٱللَّهُ يَقُولُ ٱلۡحَقَّ وَهُوَ يَهۡدِي ٱلسَّبِيلَ ۝

لِّيَسۡـَٔلَ ٱلصَّٰدِقِينَ عَن صِدۡقِهِمۡۚ وَأَعَدَّ لِلۡكَٰفِرِينَ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

### حصہ سوم

**درجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مسطورا | افواہ | ادعوھم | اولی | جوف | اقسط |